AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 16 October 2026
Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں محمود احمد خان
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ١ ۔۔۔۔نئی دلی میں پی ایم سیتو کی قومی سٹیرنگ کمیٹی کی میٹنگ منعقد // جموں وکشمیر کے آئی ٹی آئی کلسٹروں کیلئے 4 ارب 75 کروڑ روپے سے زیادہ کا ترقیاتی منصوبہ منظور۔

✓ ٢ ۔۔۔۔جموں وکشمیر میں ٹریفک نظام کو مزید بہتر بنانے کی چیف سیکریٹری کی متعلقہ محکموں کو ہدایت۔

✓ ٣ ۔۔۔۔لداخ میں سانکو کو ضلعے کا درجہ ہوا حاصل // لوگوں کا اظہار اطمینان

اور

✓ ٤ ۔۔۔۔این ایس جی کا یوم تاسیس آج // آج ہی منایا جارہا ہے خوراک کا عالمی دن۔

پی ایم سیتو

پی ایم سیتو کی قومی سٹیئرنگ کمیٹی نے جموں وکشمیر، مہاراشٹرا اور اُڈیشہ میں قائم آئی ٹی آئی کلسٹروں کیلئے 11 ارب 94 کروڑ 92 لاکھ روپے مالیت کے پانچ Stretigic Investment Plans کو منظوری دی ہے۔

یہ منظوری آج نئی دلی میں منعقد ہوئی مذکورہ سٹیئرنگ کمیٹی کی چھٹی میٹنگ کے دوران دی گئی، جسکی صدارت ہنرمندی وصنعت کاری کی ترقی کی وزارت میں سیکریٹری دیباشری مکھرجی نے کی۔

کمیٹی نے سرینگر کے آئی ٹی آئی کلسٹر کیلئے اندردیپ انفرا انڈیا لمیٹڈ کے اشتراک سے 2 ارب 35 کروڑ 41 لاکھ روپے کا سٹریٹجک انوسٹمنٹ پلان منظور کیا جبکہ جموں کے آئی ٹی آئی کلسٹر کیلئے ایگل انفرا انڈیا لمیٹڈ کے اشتراک سے 2 ارب 40 کروڑ روپے کے منصوبے کو منظوری دی گئی۔

وزیراعلیٰ مبارکباد

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر سے تعلق رکھنے والے ماہر قالین باف ماسٹر رفیق احمد صوفی کو قومی ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ رفیق احمد نے یہ کامیابی حاصل کرکے جموں وکشمیر کا نام روشن کیا ہے۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے جموں صوبے میں محکمے کے تمام پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ آج جموں میں محکمے کے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں انہوں نے اب تک کی محکمہ جاتی حصولیابیوں اور پروجیکٹوں کی عمل آوری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ وزیر نے کہا کہ سرکار لوگوں کی راحت رسانی کیلئے کام کررہی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یوٹی میں ٹریفک نظام میں مزید بہتری لانے اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات کرنے کی متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے۔

سرینگر میں آج ٹریفک مینیجمنٹ سے متعلق ملٹی ڈسپلنری کمیٹی کی میٹنگ کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے پی ایم راحت اسکیم کی موثر عمل آوری کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے شہروں اور قصبہ جات میں مناسب پارکنگ نظام قائم کرنے پر بھی زور دیا۔

اس موقعے پر انہیں بتایا گیا کہ سرینگر کے نشاط، بٹہ مالو اور مگرمل باغ علاقوں نیز جموں کے نروال، شکتی نگر، تلاب تلو اور روپ نگر علاقوں میں **vending** زونز کو کامیابی کے ساتھ کارگر بنایا گیا ہے۔ جبکہ دیگر اضلاع میں بھی وینڈنگ زونز قائم کئے جارہے ہیں۔

ڈاکٹر اُویس

منصوبہ بندی، ترقی اور نگرانی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر اُویس احمد نے آج محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے مختلف اسکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

سیکریٹری موصوف نے اس سلسلے میں مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل، پروجیکٹوں کی مسلسل نگرانی، زیر التوا معاملات کو جلد از جلد نپٹانے اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

قومی کمیشن

درج فہرست قبائل سے متعلق قومی کمیشن کی ممبر ڈاکٹر آشا لکرا نے بارہمولہ کا دورہ کرکے وہاں شیڈولڈ ٹرائب نمائندوں سے ملاقات کی۔ ممبر موصوفہ نے ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران قبائلی طبقوں کی بہبودی، ان کے آئینی تحفظات اور سرکاری کی مختلف ترقیاتی سکیموں کی عمل آوری نیز اس میں حائل رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقعے پر درج فہرست قبائل کے نمائندوں نے کئی مسائل اور مطالبات اجاگر کئے جو تعلیم، طبی نگہداشت، روزگار کے مواقعے اور بنیادی ڈھانچے کی تنصیب جیسے شعبوں سے تعلق رکھتے تھے۔

کھٹانہ

راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے آج ضلع کپواڑہ کا دورہ کر کے وہاں عوامی دربار میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہیں لوگوں نے بجلی، پانی، سڑکوں اور راشن سے متعلق اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔

موصوف نے متعلقہ افسران کو عوامی شکایات کا ازالہ کرنے اور 2 ہفتوں میں پیش رفت رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت دی۔

جن سیوا سے دیس سیوا

وزیر اعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے **25** برس مکمل کئے ہیں۔ اُن کے ان **25** برسوں کے سفر کی کامیابی ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے ان کے جذبے سے واضح ہو جاتی ہے۔

اس سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ''ایک بھارت شریشٹھ بھارت'' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

.......Report.........

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

سانکو

لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے کرگل میں سانکو کو ضلعے کا درجہ دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ لداخ کا آٹھواں ضلع ہوگا۔ ایل جی وی کے سکسینہ نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ وزیر اعظم کے ''سب کا ساتھ سب کا وکاس'' کے نظریے کے عین مطابق لیا گیا ہے۔

ہمارے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ لداخ کے لوگوں نے اس فیصلے کیلئے مرکزی وزارت داخلہ اور یوٹی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔

عرس

علمدارِ کشمیر حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے بعد کے جمعہ کے سلسلے میں آج اُن کے آستان عالیہ چرارشریف میں ایک دینی مجلس منعقد ہوئی۔

ہمارے نمائندے شوکت شاہ کے مطابق اس موقعے پر عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد نے وہاں نماز جمعہ ادا کر کے جموں وکشمیر کی خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں۔

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج جموں کے ستواری، تالاب کھٹیکاں اور گُمٹ علاقوں میں واقع زیارتگاہوں پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے ان کاموں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی تا کہ زائرین کو جدید سہولیات دستیاب کرائی جاسکیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل سننا اور لوگوں کو درپیش مشکلات حل کرنا انتظامیہ کے افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

آج آثارشریف حضرتبل میں نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اعلیٰ افسران کو اپنے ماتحت افسروں اور ملازمین کے ساتھ سنجیدگی کے ساتھ پیش آنا چاہئے تاکہ لوگوں کے کام مؤثر انداز میں کئے جاسکیں۔

دریں اثناء پارٹی ترجمان عمران نبی ڈار نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی جانب سے کاروبار میں آسانی کے اقدامات سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مزید وسائل پیدا ہوں گے۔

این ایس جی

آج نیشنل سیکورٹی گارڈ (NSG) کا 42واں یوم تاسیس ہے۔ این ایس جی کو سال 1984 میں قائم کیا گیا اور اس فورس کو عرفِ عام میں بلیک کیٹس کے نام سے جانا جاتا ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے این ایس جی کے یوم تاسیس پر اس فورس کے جوانوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں امت شاہ نے کہا ہے کہ این ایس جی نے ملک کو درپیش کسی بھی دہشت گرد خطرے کو پیشہ وارانہ انداز میں جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے اور انتہائی بہادری کے ساتھ ملک کی حفاظت کی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی آج کے دن کی مناسبت سے این ایس جی کو جوانوں کو مبارکبادی ہے۔ ایل جی نے کہا ہے کہ این ایس جی غیر متزلزل جذبے کے ساتھ ملک کی حفاظت کرتے ہیں۔

یوم خوراک

آج خوراک کا عالمی دن ہے۔ اس دن کا مقصد غذائی اجناس کی کمی سے پاک دنیا کے نظریہ کا فروغ ہے۔ یہ دن ہمیں دنیا سے بھوک مٹانے، خوراک کے ذیاں کو روکنے اور دیر پا کاشتکاری کو اپنانے کی ترغیب دیتا ہے تاکہ اجتماعی طور پر پوری دنیا میں بھوک اور تغذیہ کی کمی کو دور کیا جاسکے۔ دنیا کے مختلف حصوں میں مخدوش حالات کو دیکھتے ہوئے ایسا باور کیا جاتا ہے کہ آنے والے وقت میں خوراک کی کمی درپیش آسکتی ہے، لہٰذا یہ دن حکومتوں، متعلقہ تنظیموں، کسانوں اور عام لوگوں کو ہر کسی فرد کیلئے مناسب، صحت بخش اور محفوظ غذاؤں تک رسائی یقینی بنانے کی ترغیب دیتا ہے۔

کولڈ سٹور

کولگام ضلعے میں صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی خاطر پہلی بار 2 کولڈ سٹور قائم کئے گئے ہیں۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ ضلعے میں قائم کئے گئے ان کولڈ سٹورز کی بدولت تقریباً چار سو نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسائل پیدا ہوئے ہیں۔ ضلعے کے ڈسٹرکٹ انڈسٹریز سینٹر کے جنرل مینجر ڈاکٹر بشیر احمد لون نے ان صنعتی اداروں کے قیام کو ضلعے کی اقتصادیات کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ مزید 2 کولڈ سٹورز زیر تعمیر ہیں اور اُمید ہے کہ اُن کا تعمیراتی کام جون 2027 تک مکمل کیا جائے گا۔

-------**Dr Bashir**-------

زراعت

محکمہ زراعت کشمیر کے اہتمام سے لال منڈی سرینگر میں زرعی مصنوعات کی خرید وفروخت کا ایک مرکز قائم کیا گیا ہے۔اس مرکز کا افتتاح آج ڈائریکٹر ایگریکلچر سرتاج احمد شاہ نے کیا۔
اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ محکمہ زرعی سیکٹر کو فروغ دینے اور اس شعبے کے آنٹر پرنیورس کو تعاون فراہم کرنے کیلئے وعدہ بند ہے۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر اور کرشی وگیان کیندر شوپیاں کے اشتراک سے بالاپورہ میں قبائلی خواتین کیلئے تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔
اس دوران پولٹری صنعت میں سائنسی طریقوں کے استعمال سے متعلق جانکاری دی گئی اور قبائلی کسانوں میں پولٹری پرندے تقسیم کئے گئے تاکہ آمدنی کے ذرائع کو فروغ دیا جاسکے۔

بیداری پروگرام

محکمہ زراعت اور سینٹرل انٹیگریٹڈ پیسٹ مینجمنٹ سینٹر سرینگر کے اشتراک سے آج واکورہ گاندربل کے ڈب علاقے میں کسانوں کے لیے بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔
پروگرام میں قدرتی کاشتکاری، فصلوں کو کیڑوں سے بچانے اور جراثیم کُش ادویات کے محفوظ استعمال پر زور دیا گیا۔اس موقع پر کسانوں میں آئی پی ایم کٹس بھی تقسیم کی گئیں۔

بورڈ

جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے اس برس کے بورڈ امتحانات شروع ہونے سے قبل طالب علموں اور دیگر متعلقین کی شکایات کا ازالہ کرنے یا استفسارات کا جواب دینے کیلئے گریوینس کم مانیٹرنگ سیل کا قیام عمل میں لایا ہے۔
کشمیر صوبے سے تعلق رکھنے والے افراد بورڈ کے ای میل ایڈریس

پر رابطہ 0194-3186762 یا فون نمبر jsexamskd.jkbose@jk.gov.in کر سکتے ہیں جبکہ جموں کیلئے بورڈ کا ای میل ایڈریس jsexamsjd.jkbose@jk.gov.in ہے اور فون نمبر 0191-2585732 ہے۔

اسکالرشپ

جموں وکشمیر کے درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے طالب علموں کیلئے تدریسی سال 2025.26 کے پری اور پوسٹ میٹرک سکالرشپ کے سلسلے میں آن لائن درخواستیں جمع کرنے اور اُن کی تصدیق کا عمل مکمل کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔

قبائیلی امور محکمہ کی جانب سے جاری ایک سرکیولر کے مطابق وظیفہ حاصل کرنے کی خاطر درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ 10 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے جبکہ ادارہ جاتی سطح پر تصدیق کا عمل مکمل کرنے کی آخری تاریخ 15 نومبر اور ضلع سطح پر یہ عمل مکمل کرنے کی آخری تاریخ 20 نومبر 2026 ہوگی۔

منشیات

پولیس نے منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت اننت ناگ میں پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے اُن کے قبضے سے نشیلی اشیاء کی کچھ مقدار برآمد کی ہے۔ دریں اثناء پولیس نے بجبہاڑہ میں ایک منشیات فروش کا 50 لاکھ روپے مالیت کا رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے۔

ایکسپورٹ ڈیوٹی

سرکار نے پیٹرول پر ایکسپورٹ ڈیوٹی کو 50 پیسے فی لیٹر سے بڑھا کر 2 روپے پچاس پیسے فی لیٹر کر دیا ہے، جبکہ ڈیزل پر ایکسپورٹ ڈیوٹی کو 16 روپے فی لیٹر سے کم کر کے 8 روپے 58 پیسے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ایکسپورٹ ڈیوٹی کی نئی شرحوں کا اطلاق آج سے ہو گیا ہے۔ Aviaition Turbine Fuel یعنی ATF کی ایکسپورٹ ڈیوٹی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

واضح رہے کہ ایکسپورٹ ڈیوٹی کی شرحوں میں اضافے یا کمی کا فیصلہ ہر 15 دن کے بعد لیا جاتا ہے۔

آئی این ایس

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کرناٹک میں **Kadamba** نیول بیس پر ملک کے اندر تیار کئے گئے آئی این ایس **Samarthak** کو بھارتی بحری فوج میں کمیشن کیا ہے۔
اس موقعے پر بحری فوج کے سربراہ ایڈمیرل کرشنا سوامی ناتھن اور دیگر کئی افسران بھی موجود تھے۔

ایئر انڈیا

سعودی عرب میں موجودہ صورتحال کے تناظر میں ایئر انڈیا نے دمام، ریاض اور جدّہ جانے اور ان مقامات سے آنے والی تمام پروازوں کو اس ماہ کی 20 تاریخ تک منسوخ کر دیا ہے۔ ایئر انڈیا نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے متاثر ہوئے مسافروں کو فُل ری-فنڈ دیا جا رہا ہے۔
اس دوران ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے سعودی عرب میں رہنے والے بھارتی باشندوں کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ بھارتی باشندوں کو مقامی حکام کی ہدایات پر عمل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔
سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 عشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 37 منٹ اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

ایک وقفے کے بعد آپ سماعت کریں تبصرہ۔ ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ۔